سوال

(136) لیلۃ القدر آخری عشرہ کی صرف ایک رات ہے، مگر دنیا میں الخ

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

لیلۃ القدر آخری عشرہ کی صرف ایک رات ہے، مگر دنیا میں کہیں دن ہوتا ہے، اور کہیں رات مثلاً عرب میں اکیسویں کو شب قدر ہے، تو پاکستان میں بیسویں رات ہوگی۔ اس طرح ہم شب قدر سے محروم ہوگئے۔ یا تعدادلازم آتا ہے، یا اسلام عالم گیر مذہب نہیں رہتا۔ (عزیز الرحمٰن لکھنوی۔)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

لیلۃ القدر جمعہ کی طرح ہے، تو ہر ملک میں رات کو ہی ہوتی ہے، جیسے جمہ ہر ملک میں اُس ملک کے دن ہی میں ہوتا ہے۔ (اخبار الاعتصام جلد ۲۰ شمارہ ۳۴، ۳۳ : ۲ محرم الحرام ۱۳۸۹ء) (محمد گوندلوی گوجرانوالہ)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

[فتاویٰ علمائے حدیث]

جلد06ص359

محدث فتویٰ